## سوال

(211) بعد موت مقررہ دنوں میں مردے کے نام سے کھانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعد موت مقررہ دنوں میں مردے کے نام سے کھانا بنا کر مساکین، مالدار اور علماء کا کھلانا جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مردے کو ثواب پہنچانے کا کھانا وہی ہے ۔ جو بغیر فخر وریا کے محض مساکین کو کھلایا جائے ۔ آج کل جو اس قسم کی دعوتیں ہوتی ہیں وہ محض رسمی ہیں خاص کر علماء کو ایسی دعوتوں میں شریک نہ ہونا چاہیے تاکہ ان رسوم کو لوگ جان کر چھوڑ دیں ۔

(فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۴۲)

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 05 ص 368**